FA	2

राज्य स्तरीय आकलन

सत्र 2019–20

सुझावात्मक गतिविधियाँ

कक्षा : 8वीं | विषय : उर्दू

PAPER CODE : 8061 | पूर्णांक : 10

निर्देश – खण्ड 'अ' से कोई एक गतिविधि तथा खण्ड 'ब' से कोई एक गतिविधि करावें।

खण्ड – 'अ'

(अंक 05)

LU803-آموزشی ماحصل:۔پڑھی گئی کہانیوں نظموں کوپڑھکران کے بارے میں اپنی رائے تحریر کر سکتے ہیں۔

(ا) زمانہ کی قسمیں

عملی کام 1 :۔ قواعد زمانہ کی قسمیں میں زمانے کی سمجھ۔

ہدایت: 1۔استاد طلباء کو ایسی کہانی مہیّا کرائیں جس میں زمانے کی تینوں قسمیں موجود ہو۔

2۔تعداد کے مطابق طلباء کو تین گروپ میں بانٹیں۔

3۔ طلباء اپنے گروپ میں بیٹھ کر کہانی کا مطالعہ کریں۔

4استاد کی مدد سے ہر گروپ کے طلباء کہانی سے زمانۂ حال۔زمانۂ ماضی،زمانۂ مستقبل کے۔۔۔الگ کرے گا۔اور اسی طرح کے عملی کام سے طلباء میں زمانۂ کے متعلق سمجھ پیدا ہو گی۔

(۲) پیرا گراف رائیٹنگ

عملی کام 2:۔ طلباء میں پیرا گراف لکھنے کی سمجھ پیدا ہو گی۔

ہدایت: 1۔ استاد تختہ سیاہ پر ایک نظم لکھیں

2۔استاد کی مدد سے طلباء نظم کو نثر میں لکھنے کی کوشش کریں۔

3۔اس طرح کے عملی کام کی مشق سے طلباء میں پیرا گراف لکھنے کی صلاحیت آجائے گی۔

(۳) اخلاقی تربیت

عملی کام 3 :۔اخلاقی تربیت پر زور دینا۔

1۔استاد اخلاقی کہانیوں کی مدد سے بچّوں میں تہذیب اور کردار نگاری کو بڑھاوادے گا۔

2۔ طلباء اخلاقی کہانیوں کو جمع کر کے ایک فائل تیار کرینگے۔

3۔ استاد طلباء سے انفرادی طور پر اخلاقی کہانی سنانے کے لئے کہیں۔

4۔ طلباء سے حُسن اخلاق کے فائدے پر آپس میں گفتگو کریں۔

LU805 -آموزشی ماحصل:۔ نظم یا کہانی کا مرکزی خیال اور خلاصہ سمجھ کر لکھ سکتے ہیں۔

1:۔پانی کی اہمیت

عملی کام 4 :۔ موجودہ دور میں پانی بچاؤ سے متعلق اقدام اٹھانا۔

ہدایت: 1۔استاد مختلف قسم کے ویڈیوں، نظم یا کہانی کی مدد لیں جس میں موجودہ دور میں پانی کی قلت، پانی سے ہونے والی بیماریاں، پینے کے پانی کے ذخیرہ میں اضافہ وغیرہ معلومات فراہم کی جاسکیں۔

2۔ طلباء کو دو سے تین بار ویڈیو دکھائیں/ یا کہانی یا نظم سنائیں۔

3۔ طلباء کو انفرادی طور پر یا گروپ میں اپنے خیالات کا اظہار کرنے کا موقع فراہم کریں۔

4۔ طلباء کو اس بات کے لئے خصوصی طور پر تیار کریں کے وہ اپنے گھر سے ہی اسکول سے پانی کو بچانے کے لئے کچھ قدم اٹھائیں۔اور انکی حوصلہ افزائی کریں۔

2:۔ کہانی کا تجزیہ

عملی کام 5 :۔ کسی مصنّف کی کہانی کو پڑھکر اپنے پسندیدہ کردار کے بارے میں گفتگو کرنا۔

مثال۔ اچھی باتیں، گیہوں بونا جو کاٹنا۔ یا اسی طرح کی کوئی کہانی۔

ہدایت: 1۔ استاد کسی بھی مصنّف کی کوئی ایک کہانی خود پڑھ کر طلباء کو سنائیں۔

2۔ سننے یا پڑھنے کے بعد طلباء سے انکے پسندیدہ کردار کے بارے میں گفتگو کرنے کو کہیں۔

3۔ طلباء اپنے پسندیدہ کردار کی خوبیاں/ برائیاں پوری کلاس کے سامنے پیش کرینگے۔

4۔ کلاس کے ہر طالب علم کی انفرادی طور پر پیش کرنے کا موقع فراہم کیا جائے۔استاد اسکا دھیان رکھیں۔

3:۔انٹرنیٹ کا استعمال

عملی کام 6 :۔انٹرنیٹ کی مدد سے حاصل کی گئی معلومات کا جائزہ لینا۔

مثال۔ انٹرنیٹ کی مدد سے/ نظمیں/ کہانیاں/ سوانح حیات وغیرہ نکالنا۔

ہدایت: 1۔استاد طلباء کو مثال میں دی گئی چیزیں حاصل کرنے کے طریقے بتائیں گے۔اس کام کے لئے موبائل/ٹیب کا استعمال کریں گے۔

2۔ مختلف موضوع پر معلومات حاصل کرنے کے لئے گوگل کا استعمال۔

3۔استاد مختلف نظمیں/کہانیاں/سوانح حیات وغیرہ موبائل میں محفوظ کریں اور ممکن ہو تو پرنٹ آؤٹ نکال کر دیا جائے۔

4۔ طلباء جانکاریوں کو پڑھ کر انکے مختلف نقطوں پر اپنی رائے ظاہر کریں۔

5۔ نقاط استاد طئے کرینگے۔

6۔ طلباء کو اپنی رائے ظاہر کرنے کے لئے مختلف نقلط دینے کی کوشش کی جائے۔